## پریس ریلیز

**ریزروبینک آف انڈیا**

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

31اگست، 2018

# آر بی آئی نے ''بھیلواڑہ مہیلا اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بھیلواڑہ، راجستھان'' کالائسنس منسوخ کیا

ریزروبینک آف انڈیا نے اپنے 23اگست، 2018 آرڈر کے ذریعہ ''بھیلواڑہ مہیلا اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بھیلواڑہ، راجستھان'' کا بینکنگ کاروبار کرنے کا لائسنس منسوخ کردیا ہے۔ یہ منسوخی 31اگست، 2018 کو کام کے اوقات کے اختتام سے لاگو ہوگی۔''دی رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز، راجستھان سے بھی درخواست کی گئی ہے کہ وہ اس بینک کا بوریا بستر بند کرنے کا آرڈر جاری کریں اور بینک کے لئے ایک لکویڈیٹر (ثالث) کا تقرر کردیں۔

ریزروبینک نے بینک کا لائسنس اس لئے منسوخ کیا ہے:

(i) بینک کے پاس مناسب پونجی اور آمدنی کے ذرائع نہیں ہیں اس لئے وہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن (I)11 اور سیکشن (d)(3)22 جن کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے پراویزن کی تعمیل نہیں کرتی ہے۔

(ii) بینک اس حیثیت میں نہیں ہے کہ وہ اپنے موجودہ اور آنے والے ڈپازٹرس کو اُن کے کلیم کرنے پر اُن کو رقم کی ادائیگی کرسکے۔ اس لئے وہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن (a)(3)22 جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کہ پراویزن کی تعمیل نہیں کرتی ہے۔

(iii) بینک کے معاملات اور اُس کا طرزِعمل موجودہ کسٹمرس اور مستقبل کے کسٹمرس (ڈپازٹرس) کے لئے ناامیدی بھرا ہے اس لئے وہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن (b)(3)22 جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کی تعمیل نہیں کرتی ہے۔

(iv) اگر بینک کو بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن (c)(3)22 جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت اُس کو بینکنگ کاروبار کرنے کی اجازت دے بھی دی جائے تو اُس سے کوئی مقصد حل نہیں ہوگا بلکہ عوام کے مفاد کو زبردست نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہے۔

بھیلواڑہ مہیلا اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بھیلواڑہ، راجستھان کا بینکنگ لائسنس منسوخ ہوجانے کی وجہ سے اس بینک کو ہر طرح کی بینکنگ بزنس جیسے ڈپازٹ سے لینا، ڈپازٹس کی ادائیگی وغیرہ پر روک لگادی ہے جیسا کہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن (b)5 جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کی تعریف میں بتایا گیا ہے۔ یہ روک فوری طور سے لاگو ہوگئی ہے۔

لائسنس منسوخی اور لکویڈیشن کی پروسیڈنگس شروع ہونے کے ساتھ ''بھیلواڑہ مہیلا اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بھیلواڑہ، راجستھان'' کے ڈپازٹرس کو ادائیگی کی کارروائی ڈی آئی سی جی سی ایکٹ، 1961 کے تحت عمل میں آئے گی۔ لکویڈیشن پر ہر ایک ڈپازٹر اپنے ڈپازٹ پر روپیہ ایک لاکھ تک (-/Rs.100,000) سیلنگ کے مطابق رقم واپسی کا حقدار ہے یہ رقم اُس کو ڈپازٹس انشورنس اینڈ کریڈٹ گارنٹی کارپوریشن کی جانب سے اس کی شرائط کے مطابق ملے گی۔

**اجیت پرساد**
اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز 521/2018-2019